نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈلاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں کپاس کی موجودہ صورتحال بارے جائزہ اجلاس کا انعقاد

صوبہ پنجاب میں کپاس کی کاشت 15 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر ہو چکی۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور:03 مئی 2025: پنجاب میں کپاس کی کاشت آخری اور فیصلہ کن مراحلہ میں داخل ہو چکی ہے۔ اب تک صوبہ پنجاب میں کپاس کی کاشت 15 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر ہو چکی ہے۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ کپاس کی موجودہ صورتحال کے جائزہ اجلاس کے دوران کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ کپاس کی کاشت اور پیداوار کے ہدف کے حصول کو قومی فریضہ سمجھ کر انجام دیا جارہا ہے۔ کپاس کے کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کیلئے فیلڈ سرگرمیاں عروج پر ہیں۔ کپاس کی بہتر نگہداشت کیلئے ڈویژن، ضلع اور تحصیل کی سطح پر ٹیکنیکل ایڈوائزری کمیٹیاں تشکیل دی جاچکی ہیں۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ کپاس کی کاشت کی جاری مہم میں کاشتکاروں کا کردار قابلِ ستائش ہے۔ کپاس کے علاقوں میں نہری پانی کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عبدالقیوم سمیت دیگر افسران شریک ہوئے جبکہ ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) چوہدری عبدالحمید بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے۔

☆☆☆☆